ہدایات برائے والدین

1۔ سات مہلک بیماریاں یعنی تپ دق، ہیپاٹائٹس بی، پولیو، خناق، کالی کھانسی، تشنج اور خسرہ سے بچاؤ کیلئے بچے کو پیدائش کے فوراً بعد مرکز ٹیکہ جات پر لائیں۔

2۔ تپ دق سے بچاؤ کا ٹیکہ بچے کو پیدائش کے فوراً بعد لگوائیں۔ یاد رہے یہ ٹیکہ کچھ روز تک رستا رہے گا۔ فکر نہ کریں۔ اس پر مرہم پٹی نہ کریں۔ یہ خود بخود ٹھیک ہو جائے گا۔

3۔ پولیو، ہیپاٹائٹس بی، خناق، کالی کھانسی اور تشنج سے مکمل بچاؤ کیلئے بچے کو مزید تین سے چار بار ان ٹیکوں کا کورس لگوانے اور قطرے دلوانے کیلئے مرکز ٹیکہ جات پر لائیں۔

4۔ جب بچے کی عمر نو (9) ماہ ہو جائے تو اسے خسرہ سے بچاؤ کا ٹیکہ لگوائیں۔

5۔ حاملہ خواتین تشنج سے بچاؤ کیلئے ٹیکوں کا کورس مکمل کرائیں۔ یاد رکھیں یہ ٹیکے خواتین اور ان کے ہونے والے بچے کو تشنج کی مہلک بیماری سے بچاتے ہیں۔

نوٹ

1۔ یاد رہے کہ نزلہ، کھانسی، دست اور معمولی بخار کی حالت میں بھی حفاظتی ٹیکے لگوائے جا سکتے ہیں۔

2۔ اگر ٹیکے کے بعد معمولی بخار ہو جائے تو پیراسیٹامول کا شربت استعمال کریں۔ بخار تیز ہونے کی صورت میں قریبی ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

3۔ جب بچے کو پہلی دفعہ یا پیدائش پر ویکسین دیں تو ماں سے پوچھ لیں کہ جب یہ بچہ ماں کے پیٹ میں تھا تو ماں نے TT ویکسین شیڈول کے مطابق لے رکھی تھی۔

پھر آنے کی تاریخ

نام سنٹر/نمبر ٹیم ٹیکہ جات _____

کارڈ نمبر: _____ تاریخ اجراء: _____

EXPANDED PROGRAMME ON IMMUNIZATION

وزارت صحت حکومت پاکستان

نام والد/سربراہ کنبہ _____

مکمل پتہ _____

_____

2

ریکارڈ حفاظتی ٹیکہ جات

نام	تاریخ پیدائش یا عمر	تاریخ جب ٹیکہ لگوایا گیا یا قطرے پلائے																پیدائش پر بچہ محفوظ تھا (Yes/No)
		بی سی جی	پولیو				ڈی پی ٹی			ایچ بی وی (HBV)			خسرہ	ٹی ٹی					
			پیدائشی	I	II	III	I	II	III	I	II	III		I	II	III	IV	V	